| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (چوتھا ہفتہ) | موضوع: | شرارتی نو | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ شرارتی نو کے بارے میں جان سکیں۔<br>حروف تہجی میں شرارتی نو کی نشاندہی کرسکیں الفاظ میں شرارتی نو کی پہچان کرسکیں شرارتی نو کے دوسرے حروف کے ساتھ ملا کر توڑ /جوڑ کرسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے پوچھا جائے گا کہ مصوتے کون سے حروف ہیں۔ | 5منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا شرارتی نو کی نشاندہی اور لکھائی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایئے کہ مصوتے چار ہیں۔ا،و،ی،ے بتایئے کہ آج ہم شرارتی حروف کے بارے میں جانیں گے۔ یہ حروف بہت ہی شرارتی ہیں۔ ہر وقت شرارت کرتے رہتے ہیں۔شرارتی حروف نو ہیں،د،ڈ،ذ،ر،ڑ،ز،ژ،و،اان کو تختہ سیاہ سفید پر لکھیے۔ بچوں کو بتایئے کہ یہ حروف اپنے سے بعد میں آنے والے حروف سے نہیں ملتے مثلاً د+ب=دب ، ر+ب=رب وغیرہ لیکن اپنے سے پہلے آنے والے حروف سے مل جاتے ہیں مثلاً ب+د=بد ، ب+ر=بر ، پ+و=پو ، س+ا=سا<br>شرارتی نو کے فلیش کارڈ دکھا کر ان حروف کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ بچوں سے بار بار پوچھا جائے گا کہ شرارتی نو کہتے کن حروف کو کہتے ہیں؟ یہ حروف تہجی کے وہ حروف ہیں جن کی آدھی شکل نہیں ہوتی۔ | 10منٹ | شرارتی نو<br>Puppet<br>Sticks<br>فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>طلباء کو پانچ کے گروپ میں تقسیم کیا جائے گا۔ بچوں کو حروف کے کٹ آؤٹس اور سفید چارٹ پیپر دیا جائے گا۔ ہر گروپ کو حروف میں سے شرارتی نو تلاش کر کے چارٹ پیپر پر چسپاں کرنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو کتاب صفحہ 24 کھولنے کو کہا جائے گا۔شرارتی نو کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ | 20منٹ | سفید چارٹ پیپر<br>حروف کٹ<br>آؤٹس گلو<br>کتاب صفحہ نمبر<br>24 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے پوچھا جائے گا کہ شرارتی نو کتنے حروف ہیں؟ بتایئے۔<br>**گھر کا کام:** 'شرارتی نو' کاپی میں لکھیے۔ | 5منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (چوتھا ہفتہ) | موضوع: | شرارتی نو | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔ شرارتی نو پہچان سکیں۔ حروف میں ان کی نشاندہی کرسکیں۔ الفاظ میں شرارتی نو کی پہچان کرسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے شرارتی حروف کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ | 5منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا شرارتی نو کی نشاندہی اور لکھائی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو د، ڈ، ز، ر، ڑ، ز، ژ، و، اپی پی ٹی کے ذریعے دکھائے جائیں گے اور پوچھا جائے گا ان حروف کا ایک خاص نام ہے وہ کیا ہے؟ باری باری تمام حروف سے متعارف کردیتے۔ مثلاً میں 'ذ' ہوں میں اپنے سے بعد آنے والے حروف سے نہیں ملتی لیکن اپنے سے پہلے آنے والے حروف سے مل جاتی ہوں۔ مثال کے طور پر دس دس کو تختہ سفید سیاہ پر لکھ کر بچوں کو بتایئے کہ 'س' یہاں 'د' کے بعد آرہا ہے۔ 'صد' کو تختہ سفید سیاہ پر لکھ کر بتایں کہ مد میں 'ص' 'د' سے پہلے کا حرف ہے اس لیے 'د' اس کے ساتھ مل جاتی ہے۔ باقی شرارتی نو کو بھی حروف کے ساتھ ملا کر وضاحت کیجیے۔ | 10منٹ | پی پی ٹی | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>معلمہ تختہ سیاہ پر مختلف الفاظ لکھے گی جیسا کہ خالی، توڑی، پودا، ڈوبے، جاری، ژالہ وغیرہ۔ بچوں کو باری باری بورڈ پر بلا کر ان الفاظ پڑھنے میں مدد کی جائے گی اور ان الفاظ میں شرارتی نو کے گرد دائرہ بنانے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 25 ھولنے کو کہا جائے گا۔ کتاب میں دیئے گئے حروف کی بچوں سے بلند خوانی کروائی جائے گی اور شرارتی نو کے گرد دائرہ بنوایا جائے گا۔ شرارتی نو کی پہچان کرنے پر بچوں کو شاباش دی جائے گی۔ کتاب میں موجود الفاظ کو بچوں کے ساتھ مل کر پڑھیے اور ان الفاظ میں موجود شرارتی نو کو الفاظ سے نکال کر ان کے ساتھ لکھنے میں بچوں کو مدد کیجیے۔ | 20منٹ | رنگین مارکر<br>کتاب صفحہ نمبر<br>25 | |
| | **اختتامیہ:**<br>مختلف الفاظ کے فلیش کارڈ دکھا کر بچوں سے ان میں موجود شرارتی نو پوچھے جائیں گے۔ | 5منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (چوتھا ہفتہ) | موضوع: | پھلوں کے نام | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ پانچ پھلوں کے نام بتاسکیں پھلوں کے نام درست ہجوں کے ساتھ لکھ سکیں۔ | **دہرائی:** شرارتی نو کے بارے میں بچوں سے پوچھا جائے گا۔<br>**تعارف:** معلمہ سبق کے آغاز چند سوالوں کے ذریعے کرے گی۔سوالات: پھل کیا ہوتے ہیں؟ کون کون پھل شوق سے کھاتا ہے؟ (انفرادی طور پر بچوں سے ان کے پسندیدہ پھل کا نام پوچھا جائے گا)۔بچوں کی حوصلہ افزائی کیجیے اگر وہ اپنے پسندیدہ پھل کا اردو نام بتاسکیں۔بچوں کو امرود، آم، انگور، مالٹا اور خربوزہ کا فلیش کارڈ دکھا کر ان کے نام پوچھے اور بتائے جائیں گے۔ ہر پھل کا فلیش کارڈ دکھاتے وقت اس کا نام دو سے تین بار دہرایا جائے گا تا کہ بچوں کو اچھے سے ذہن نشین ہوجائیں۔امرود، آم، انگور، مالٹا اور خربوزہ ان تمام پھلوں کے ناموں کو تختہ سفید/ سیاہ پر لکھ کر ہجوں کے ساتھ پڑھایا جائے گا۔<br>**مرکزی سرگرمی:** جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کیا جائے گا۔ایک گروپ کو پھلوں کے فلیش کارڈ اور دوسرے گروپ کو ان کے ناموں کے کارڈ دیے جائیں گے۔پہلا گروپ کوئی سا پھل دکھائے گا اور دوسرا گروپ فلیش کارڈ میں سے ڈھونڈ کر اس کا نام بتائیں گے۔ دونوں گروہوں سے باری باری یہ سرگرمی کروائی جائے گی۔طلباء سے کاپی پر پھلوں کے نام ( آم، انگور، امرود، مالٹا) لکھوائے جائیں گے۔تختہ سفید سیاہ پر پھلوں کے نام لکھتے ہوئے معلمہ بلند خوانی سے ہر پھل کا نام پڑھے گی اور بچوں سے بھی پڑھنے کو کہا جائے گا۔بچوں کو حروف کو ملا کر لفظ بنانے اور درست بناوٹ کے ساتھ لکھنے میں مدد کی جائے گی۔مثلاً انگور لکھواتے ہوئے بچوں کو بتایئے کہ انگور کی ابتدائی آواز 'ا' کی ہے۔'ا' کو لائن کے اوپر کھڑا کیا جاتا ہے۔ااس کے بعد ہوا میں ن کی آدھی شکل بنایے اپھر جہاں ن کی آدھی شکل ختم ہو رہی ہے وہاں اے گ کی آدھی شکل سے ملایئے۔گ کی آدھی شکل کو وسے لائن پر بٹھایا ہے انگور اور آخر میں لگایئے۔<br>**اختتامیہ:** فلیش کارڈ دکھا کر پھلوں کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:** پھلوں کے نام کاپی میں لکھیے۔ | 5منٹ<br>10منٹ<br><br>20منٹ<br><br>5منٹ | پھل فلیش کارڈ<br>نام فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا شرارتی نو کی نشاندہی اور لکھائی کرنے پر ۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (چوتھا ہفتہ) | موضوع: | پھلوں کے نام | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ پانچ پھلوں کے نام بتا سکیں پھلوں کے نام درست ہجوں کے ساتھ لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>امرود، خربوزہ، مالٹا، آم اور انگور کا فلیش کارڈ دکھا کر ان کے نام اور ہجے پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>معلمہ بچوں کے ساتھ مل کر کل پڑھے گئے پھلوں کے نام دہرائے گی اور بچوں کو بتائے گی کہ آج ہم مزید پھلوں کے نام جانیں گے۔<br>بچوں کو بتائے گی کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں بہت سی نعمتوں سے نوازا ہے ان میں ایک نعمت پھل ہیں۔ ہر پھلا کا ذائقہ اور شکل ایک دوسرے سے مختلف ہے۔ ہمیں اللہ کا اس نعمت پر شکر ادا کرنا چاہیے۔ بچوں کو انار، کیلا، سیب، ناشپاتی اور تربوز کا فلیش کارڈ دکھا کر ان کے نام بتائے جائیں گے بچوں سے ان پھلوں کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>پھلوں کے ناموں کے کارڈ کو کپڑے کے تھیلے میں ڈالا جائے گا۔ بچوں کو قالین پر بیٹھنے کو کہا جائے گا۔ باری باری ہر بچہ ایک کارڈ نکالے گا اور پھل کا نام پرھ کر بتائے گا۔<br>بچوں سے کاپی پر انار، کیلا، سیب، ناشپاتی اور تربوز کی لکھائی کروائی جائے گی اور تصاویر بنانے اور ان میں رنگ بھرنے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>پھلوں کے فلیش کارڈ دکھا کر ان کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 5منٹ<br>10منٹ<br>20منٹ<br>5منٹ | پھل فلیش کارڈ<br>نام فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا پھلوں کے ناموں کی نشاندہی اور درست اور لکھائی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (چوتھا ہفتہ) | موضوع: | شرارتی نو | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ دس پھلوں کے نام بتاسکیں۔<br>پھلوں کے ناموں کی لکھائی کرسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو پھلوں کے فلیش کارڈ دکھا کر ان کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 5منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا پھلوں کے ناموں کی نشاندہی اور درست اور لکھائی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>معلمہ کمرہ جماعت میں موسم میں موجود پھل لے کر آئیں گی اور بچوں کو بھی ایک قبل اپنا پسندیدہ پھل لانے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے ان کے لائے گئے پھل کا نام پوچھ کر انھیں ٹوکری میں سجایا جائے گا سبق کے آخر مُں بچوں کو پھلوں کی چاٹ بنا کر دی جائے گی۔ پڑھے گئے تمام پھلوں کے نام پی پی ٹی کے ذریعے دہرائے جائیں گے۔ بچوں کو بتائیے کہ آم، خربوزہ، تربوز گرمیوں کے پھل ہیں اس طرح مالٹا، موسمی سردیوں کے پھل ہیں۔ سیب اور کیلا ہر موسم میں ہوتا ہے۔ | 10منٹ | پھل فلیش کارڈ<br>نام فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو پھلوں کے ناموں کے فلیش کارڈ اور حروف کے فلیش کارڈ دیے جائیں گے۔ بچوں سے نام کو دیکھ کر حروف میں سے اس کے حرف تلاش کرنے کو کہا جائے گا۔ پھلوں کے نام تختہ سیاہ سفید پر لکھے جائیں گے معلمہ باری باری بچوں کو تختہ سیاہ سفید پر بلائے گی اور کسی بھی پھل کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا نام بتانے اور نام کے گرد دائرہ بنانے کو کہے گی۔<br>بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 23 پر پھلوں کے نام لکھنے کو کہا جائے گا۔ درست بناوٹ کے ساتھ پھلوں کے نام لکھنے پر بچوں کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ | 20منٹ | پھلوں کے نام فلیش کارڈز<br>حروف فلیش کارڈز<br>کتاب صفحہ نمبر 23 | |
| | **اختتامیہ:**<br>تمام پھلوں کے نام دہرائے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:** کوئی سے پانچ پھلوں کے نام کاپی پر لکھیے۔ | 5منٹ | کاپی ورک | |